Date: 06/03/2025
Ref: GSPL/PR/03/25/016

<u>پریس ریلیز</u>

وفاقی اردو یونیورسٹی: گروسیف کی جانب سے ہیلتھ اینڈ سیفٹی ورکشاپ کا انعقاد

کراچی: ہیلتھ، سیفٹی اور ماحولیات (ایچ ایس ای) کے حوالے سے پاکستان کے معروف ادارے گروسیف نے حال ہی میں وفاقی اردو یونیورسٹی برائے سائنس اور ٹیکنالوجی، گلشن کیمپس میں ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

ورکشاپ کی بنیاد انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کا سیف ورک پروگرام اور ایچ ایس ای سے متعلق قانونی و سماجی فریم ورک تھا۔

اس موقعے پر ڈائریکٹر و سی ای او گروسیف، سعد عبدالوہاب اور سربراہ، کارپوریٹ سیلز طلحہ شاہد نے طلبہ و طالبات کو ہیلتھ، سیفٹی اور ماحولیات کی ضروریات اورعدم توجہی کی وجہ سے ملک میں ہرسال رونما ہونے والے واقعات کے حوالے سے آگاہ کیا۔

اپنے خطاب میں سعد عبدالوہاب نے ہیلتھ وسیفٹی کے بین الاقوامی اثرات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ حادثات میں ہونے والے نقصانات کا اندازہ دنیا کے مجموعی جی ڈی پی کے 4 فیصد کے برابر لگایا گیا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ اس حوالے سے ہر برس 340 ملین حادثات اور جاب سائٹس پر160 ملین بیماریاں رپورٹ ہوتی ہیں، جبکہ ہر برس 2.3 ملین اموات کا یومیہ تخمینہ 6،300 ہے۔

مزید یہ کہ پاکستان میں ہر سال ہیلتھ اینڈ سیفٹی سے متعلق حادثات میں اندازاً 4.3 بلین مین آورز کا زیاں ہوتا ہے، یوں زندگی کے کئی برس ضائع ہوجانے سے مجموعی دورانیے پر بھی غیرمعمولی اثر پڑتا ہے۔ موازنہ کیا جائے تو دنیا سے موازنے میں زندگی کے 6 برس کم ہونے کی طرح ملکی لیبر فورس بھی حجم میں 9٪ کم ہے۔

پروگرام کے آخر میں رجسٹرار، فیڈرل اردو یونیورسٹی ڈاکٹر سعدیہ خلیل اور جناب سعد عبدالوہاب نے یادگاری شیلڈز کا تبادلہ کیا۔

دیگر شرکاء میں ڈین، فیکلٹی آف سائنس، پروفیسر ڈاکٹر محمد زاہد، اسٹوڈنٹ ایڈوائزر جناب مرشد، ایونٹ کے مرکزی آرگنائزر، ذیشان احمد، ماحولیاتی شعبے کے سربراہ، ڈاکٹر حق نواز عباسی، اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر وقار احمد، شعبہ کیمسٹری کی سربراہ، ڈاکٹر انیلہ وہاب، اسسٹنٹ پروفیسر کیمسٹری، ڈاکٹر عطیہ حسن اور طلبہ و طالبات کی ایک بڑی تعداد شامل تھی۔

گروسیف، تربیت، کنسلٹنسی اور کمپلائنس کے ذریعے ملک کے ہیلتھ، سیفٹی و ماحولیات کے شعبے میں جامع خدمات فراہم کرنے میں کوشاں ہے۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED
MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
کارپوریٹ میڈیا مینیجر

Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe

تصاویر اگلے صفحے پر ہیں

Grow Safe (Pvt.) Ltd.

Defend your home with
Grow Safe Home Safety Kit
Your First Line of Defense
Home Safety Kit
Grow Safe (Pvt.) Ltd.
GrowSafeHSE.com